© rasailojaraid.com



# افکار و تاثرات

## قارئین بنام مدیر

### طالبان کی تائید پر خراج تحسین

عزیزم مولانا حافظ راشد الحق صاحب

جعله الله من المرشدين المهديين و العلماء الربانيين

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ! امید ہے کہ آپ بمعہ جمیع اہل بیت ، اکابر و اصاغر و احباب کے بخیر و عافیت ہونگے ۔

مؤقر ماہنامہ " الحق " بابت محرم ۱۴۱۷ھ مولانا جلال الدین حقانی کے ہاں نظر سے گزرا ۔ اسمیں آپ کے نقش آغاز " افغانستان میں مصالحانہ کوششیں یا مکروہ سازشیں " کے عنوان سے دل و دماغ معطر ہوئے ، جزاک الله من خزائن الطافه و نعمه احسن ما يجازى به عباده الغيورين اصحاب الشهامة الايمانيه الذين لا يخافون لومة لائم ولا بطشة حاكم ؛ ماشاء الله لاحول ولاقوة الا بالله ۔ ایمانی جرات ، پاکیزہ احساسات ، ادبی متانت کا ترجمان " اداریہ " ظروف راھند کے پیش نظر تیر بھدف قلندرانہ نوٹس ہے جو ہزار ستائش و سپاس کا مستحق ہے ۔ رب الجزاء جل جلالہ آپکو اس بے باک ، بےلاگ حق گوئی ، حق شناسی کا عظیم صلہ دارین میں عطا فرمادے اور آپکے اس حق پسندانہ تحریر میں مزید کشش و جاذبیت ودیعت فرمادے ۔ آج چاردانگ عالم میں تمام مغربی ، مشرقی میڈیا اس اسلامی قافلہ کے خلاف



© rasailojaraid.com